Sample Question Paper 2022-23

Subject: **Urdu**
Class: **X**
Code: **003**
Course: **A**

Time: 3 Hours   Maximum Marks 80

Section A (حصہ الف)

1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھئے۔ **(1×10=10)**

(الف)

زندگی کا انحصار کھانے پر ہے اور تم دیکھتے ہو کہ تمام دنیا اسی فکر میں لگی رہتی ہے۔ بے شک بدون کھانے کے کوئی جاندار بھی زندہ نہیں رہ سکتا۔ فاقے سے کمزوری اور انجام کو ہلاکت ہوتی ہے، لیکن یہ بات تجویز طلب ہے کہ کیا کھانے چاہئے۔ ہر قسم کا کھانا جو گھر میں میسر آئے خوش دلی کے ساتھ کھاؤ، اگر کوئی چیز گھر میں نہیں ہے تو اس کے واسطے ضد نہ کرو، مانگ کر کھانا بے غیرتی کی بات ہے۔ جب تک خوب زور کی بھوک نہ لگے مت کھاؤ۔ اور ہمیشہ تھوڑی بھوک باقی رکھ کر دستر خوان سے اٹھ جانا چاہئے، بہت کھانے سے بد ہضمی اور پیچش اور پیٹ میں درد ہوتا ہے۔

(i) زندگی کا انحصار کس چیز پر ہے؟

(ii) فاقے کا نتیجہ کیا ہوتا ہے؟

(iii) مانگ کر کھانا کیسا ہے؟

(iv) زیادہ کھانے سے کیا ہوتا ہے؟

(v) خوش دلی کے کیا معنی ہیں؟

(ب)

کس قدر ٹھیک یہ کہاوت ہے　　تندرستی ہزار نعمت ہے
زندگی کا مزا اسی میں ہے　　آدمی کا بھلا اسی میں ہے
تندرستی نہ ہو تو آفت آئے　　ہر خوشی جائے، جان پر بن جائے
وقت بے وقت منہ نہ جھٹلاؤ　　وقت پر کھاؤ بھوک میں کھاؤ
یہی بچوں کی ہے خدا سے دعا　　تندرستی کی زندگی ہو عطا

(i) ہزار نعمت کس چیز کو کہا گیا ہے؟

(ii) تندرسی نہ ہونے پر کیا نقصان ہوتا ہے؟

(iii) کھانا کب کھانا چاہیے؟

(iv) اس نظم میں بچوں نے خدا سے کیا دعا کی ہے؟

(v) عطا کے کیا معنی ہیں؟

2۔ مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب دیجئے۔ **(1×10=10)**

(الف)

دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں ہستی کی کیا ہستی ہے

آبادی بھی دیکھی ہے ویرانی بھی دیکھی ہے
جو اجڑے اور پھر نہ بسے دل وہ نرالی بستی ہے

جان سے شے بک جاتی ہے ایک نظر کے بدلے میں
آگے مرضی گاہک کی ان داموں تو سستی ہے

جگ سونا ہے تیرے بغیر آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی اب بھی دنیا بستی ہے

آنسو تھے سو خشک ہوئے جی ہے کہ امنڈا آتا ہے
دل پہ گھٹا سی چھاتی ہے، کھلتی ہے نہ برستی ہے

(i) یہ کس کی غزل ہے؟

(ii) ہستی کی کیا ہستی ہے، سے کیا مراد ہے؟

(iii) دل کی بستی کی کیا خصوصیت ہے؟

(iv) شاعر کے لیے کس بغیر جگ سونا ہے؟

(v) آنسو خشک ہونے سے کیا مراد ہے؟

(ب)

ہماری زبان ایک خوش رنگ اور ہرا بھرا گلدستہ ہے جس میں رنگ برنگ کے پھول اور نازک پتیاں ہیں۔ کیا ہم اس وہم سے کہ اس میں گلاب بدیسی ہے اور کچھ پتّیاں باہر کے پودوں کے ہیں انھیں نوچ کر پھینک دیں گے؟ اگر کوئی ایسا کرے تو سراسر نادانی ہے۔ مجھے سرتیج بہادر سپرو کے اس قول سے حرف بہ حرف اتفاق ہے کہ "یہی زبان جسے ہم اردو کہتے ہیں، تنہا وسیلہ ہے جس سے ہندو اور مسلمان ایک دوسرے کی تہذیب کو سمجھ سکتے ہیں۔ یہی وہ ذریعہ ہے جس سے ہندو مسلمان میں اتحاد پیدا کیا جا سکتا ہے۔ میرے خیال میں اس سے بڑھ کر کوئی غلطی نہیں ہو سکتی کہ اس زبان کو مٹانے اور اس رشتے کو توڑنے کی کوشش کی جائے۔"

(i) ہماری زبان کی کیا خوبیاں ہیں؟

(ii) گلاب کس زبان کا لفظ ہے؟

(iii) کس زبان کے ذریعے ہندو اور مسلمان کے درمیان اتحاد پیدا کیا جا سکتا ہے۔

(iv) اردو زبان کس تہذیب کی نمائندگی کرتی ہے؟

(v) وسیلہ کے معنی کیا ہیں؟

Section B (حصہ ب)

3۔ آلودگی کے عنوان سے ایک مضمون لکھئے۔ (1×10=10)

4۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کو چھٹی کی ایک درخواست لکھئے۔ (1×4=4)

5۔ راجندر سنگھ بیدی کے حالات پر ایک نوٹ لکھیے۔ (1×4=4)

یا

اسلم پرویز نے اپنے مضمون 'ماحول بچایئے' میں کن باتوں کی طرف اشارہ کیا ہے؟

6۔ لائی حیات آئے، قضا لے چلی چلے اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے (1×3=3)

اس شعر کی تشریح اپنی زبان میں کیجئے۔

یا

اختر شیرانی کی نظم 'او دیس سے آنے والے بتا!' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھئے۔

7۔ منشی پریم چند کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالئے۔ (1×4=4)

Section C (حصہ ج)

8۔ (i) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔ (2×2.5=5)

(ii) "میں نے بہت اچھا مضمون لکھا"۔ اس جملے میں فعل کو واضح کریں۔

9۔ (i) کلام میں ایسے الفاظ کا لانا جو ایک دوسرے کی ضد ہو، کیا کہلاتا ہے؟ (2×2.5=5)

(ii) پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی / ساحل سے پٹکتی تھیں موجیں فرات

اس شعر میں کون سی صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟

10۔ (i) "باغ باغ ہونا" کے کیا معنی ہیں؟ (2×2.5=5)

(ii) "ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا" کا کیا مطلب ہے:

11۔ "واہ! کتنی عمدہ خوشبو ہے"۔ یہ کس طرح کا جملہ ہے؟ (1×2=2)

12۔ ایسی نظم جس کے تمام مصرع برابر ہوں مگر ان میں قافیے کی پابندی نہ ہو، کیا کہلاتی ہے؟ (1×3=3)

یا

غزل کا پہلا، جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں، کیا کہلاتا ہے؟

Section D (حصہ د)

13۔ (i) مایا کس افسانے کا کردار ہے؟ اور اس کے افسانے نگار کون ہیں؟ **(2×2=4)**

(ii) عورتوں کے حقوق، کس کا مضمون ہے؟

14۔ (i) مرغانِ قفس کو پھولوں نے اے شادؔ یہ کہلا بھیجا ہے / آجاؤ جو تم کو آنا ہو ایسے میں ابھی شاداب ہیں ہم

یہ مقطع کس کی غزل کا ہے؟ **(2×2=4)**

(ii) یاسیت کا امام کس شاعر کو کہا گیا ہے؟ ان کا ایک مشہور شعر لکھیے۔

15۔ (i) مولوی عبد الحق نے اپنے خاکے میں گدڑی کا لال کسے کہا ہے؟ **(2×2=4)**

(ii) منشی پریم چند کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

16۔ غزل پر ایک نوٹ لکھیے۔ **(1×3=3)**